مرکزی دفتر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند

RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA
Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India
E-Mail: info@darululoom-deoband.com


تاریخ ..................... حوالہ ..................

# دارالعلوم دیوبند میں کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

## مدارس اسلامیہ تعلیم وتربیت کی بہتری کے ساتھ داخلی نظام کے استحکام اور فکری ارتداد کی روک تھام کے لیے اپنی جدو جہد جاری رکھیں

۱۱رنومبر، دیوبند۔ (پریس ریلیز)

’’دستور کے مطابق کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ دارالعلوم دیوبند کی مرکزی مجلس عاملہ کا یہ سالانہ اجلاس ہے، رابطہ مدارس کا مقصد رابطہ مدارس اسلامیہ کو فعال بنانا اور تعلیم وتربیت اور مشترکہ امتحان کا جائزہ لے کر نظام کو مستحکم کرنا، مدارس کو درپیش مسائل باہمی مشورے سے حل کرنا ہے‘‘۔

’’ذمہ داران مدارس اپنے بنیادی مقصد نظام تعلیم وتربیت پر توجہ مرکوز رکھنے کے ساتھ موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر مدارس اسلامیہ کے داخلی وخارجی امور پر بھی بھرپور توجہ دیں، تحفظ مدارس کے پیش نظر مدارس اسلامیہ کے ملکیتی کاغذات کو درست رکھیں، قانونی تقاضوں کی تکمیل کرائیں اور صفائی ستھرائی کا مکمل اہتمام رکھیں اور حکومت کی طرف سے ممکنہ سوالات کے جوابات کے لیے ہمہ وقت اپنے آپ کو تیار رکھیں‘‘۔

ان خیالات کا اظہار دارالعلوم دیوبند کے مہتمم وشیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم، صدر کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند نے فرمایا۔ موصوف رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی مجلس عاملہ کے ارکان ونمائندگان کے اجلاس میں صدارتی خطاب فرمارہے تھے، حضرت والا نے فرمایا کہ ہم خدام مدارس کو فکری ارتداد اور مسلم نوجوانوں کے اندر تشکیک کی روک تھام کے محاذوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ نئی نسل کو اسلامی عقائد سے روشناس کرانا، مدارس اسلامیہ کے نصاب میں عقائد سے متعلق کتابوں کی شمولیت، نئے فضلاء کو خواندہ کتب کی تدریس کے ساتھ نسل نو کے عقائد کی درستگی، مدارس میں اساتذہ کے ساتھ مبلغین کی تقرری، مکاتب کے قیام اور باہمی ربط واتحاد کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرنا ہے۔

دارالعلوم دیوبند کے صدرالمدرسین حضرت مولانا سید ارشد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند نے فرمایا کہ: ’’اگرچہ ملک میں ارتداد اور فتن کی شرحیں بڑھ رہی ہیں، فرقہ پرست طاقتیں اسلام کے خلاف مختلف سازشیں کررہی ہیں، اس کے باوجود ارباب مدارس کو اکابرواسلاف کے نہج پر فتنوں کے مقابلہ کے لیے سینہ سپر ہوکر حتی المقدور کام جاری رکھنا ہے، آئین ہند کے مطابق اپنے حقوق کا استعمال کرتے ہوئے موجودہ ملکی حالات میں ذمہ داران مدارس کو اپنے اپنے صوبوں میں سیکولر کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے،،۔

دیگر اظہارِ خیال کرنے والوں میں حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب میر قاسمی، حضرت مولانا حسن محمود صاحب کھیروی، حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی، جناب مولانا صدیق اللہ صاحب چودھری اور جناب قاری شوکت علی صاحب ویٹ وغیرہ کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

مولانا شوکت علی قاسمی بستوی ناظم عمومی رابطہ مدارس واستاذ حدیث دارالعلوم نے رابطہ کی گذشتہ مجلس عاملہ کی کارروائی پڑھی اور مرکزی رابطہ کی سالانہ رپورٹ پیش کی جس میں مختلف صوبوں کی کارکردگی کا جائزہ بھی پیش کیا گیا تھا۔

اجلاس میں حضرت مولانا محمد عاقل صاحب گڈھی دولت، حضرت مولانا مفتی محمد خلیل صاحب قاسمی پنجاب، حضرت مولانا عبدالخالق

Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دفتر

# رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند

# RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA

Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India
E-Mail: info@darululoom-deoband.com

تاریخ ..................

حوالہ ..................

صاحب مدراسی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب پالنپوری، حضرت مولانا مجیب اللہ صاحب گونڈوی، حضرت مولانا مفتی محمد یوسف صاحب تاؤلوی، حضرت مولانا مفتی محمد راشد صاحب اعظمی نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا محمد نسیم صاحب بارہ بنکوی، حضرت مولانا محمد سلمان صاحب بجنوری حضرت مولانا حسین احمد صاحب ہریداواری ناظم مجلس تعلیمی دارالعلوم دیوبند، جناب مولانا اشہد رشیدی صاحب، جناب مولانا مفتی اشفاق احمد صاحب سرائے میر، جناب مولانا محمد اسجد صاحب قاسمی مرادآباد، جناب مولانا عبدالقوی صاحب حیدرآباد، جناب مولانا قاری محمد امین صاحب پوکرن، جناب مولانا مفتی ریاست علی صاحب اتراکھنڈ، جناب مولانا عبدالقادر صاحب آسام، جناب مولانا زین العابدین صاحب کرناٹک، جناب مولانا علی حسن صاحب مظاہری شمالی ہریانہ، جناب مولانا مفتی محمد فاروق صاحب اڈیشہ، جناب مولانا منظور عالم صاحب ہگلی، جناب مولانا ممتاز احمد صاحب قاسمی شملہ، جناب مولانا محمد احمد خاں صاحب مدھیہ پردیش، جناب مفتی سراج احمد صاحب منی پور، جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب کیرالا، جناب مولانا مفتی صلاح الدین صاحب تمل ناڈو، جناب مولانا مفتی محمد اقبال صاحب تمل ناڈو، جناب مولانا محمد اسحاق صاحب جھارکھنڈ، جناب مولانا مفتی اقبال احمد صاحب کان پور، جناب حافظ عبدالقدوس ہادی صاحب کان پور، جناب مولانا عبدالقدیم صاحب ہاپوڑ، جناب مولانا زبیر احمد صاحب قاسمی نوح میوات، جناب مولانا شوکت علی صاحب جھن جھنوں، جناب مفتی محمد امتیاز ولنوی صاحب گجرات، جناب مولانا مشتاق احمد عنفر صاحب آسام، جناب مولانا مجاہدالاسلام صاحب قاسمی آسام، جناب مفتی ذکاوت حسین قاسمی دہلی، جناب مفتی طیب الرحمٰن صاحب تری پورہ، جناب مولانا عبدالکریم صاحب آندھرا، جناب مولانا محمد نجم الحق صاحب مرشدآباد بنگال، جناب مولانا عنایت اللہ صاحب جموں اور جناب مولانا محمد ہارون صاحب مدنی نیپال وغیرہ حضرات شریک رہے۔

دیگر شرکاء میں جناب مولانا ضیاء اللہ صاحب بھوپال، جناب مولانا عبداللہ خالد صاحب قاسمی سہارنپور جناب مولانا فخرالدین صاحب مغربی بنگال، جناب مولانا عبدالسلام صاحب مغربی بنگال وغیرہ کے اسماء شامل ہیں۔

اجلاس کا آغاز حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم کی زیر صدارت مہمان خانہ دارالعلوم میں صبح ساڑھے نو بجے جناب قاری عبدالرؤف صاحب بلند شہری استاذ تجوید وقراءت دارالعلوم دیوبند کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ نظامت کے فرائض ناظم عمومی رابطہ مدارس مولانا شوکت علی قاسمی بستوی نے انجام دئے، سوا بارہ بجے دو پہر کو حضرت صدر اجلاس دامت برکاتہم کی دعا پر نشست اول کا اختتام عمل میں آیا۔

==========================================================

**جاری کردہ: مرکزی دفتر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند**

برائے اشاعت اخبار: یہ خبر اخبارات میں شائع کردی جائے۔

(دستخط)

مہتمم دارالعلوم دیوبند

۱۴۴۷/۵/۱۹ھ